Prepp
Your Personal Exams Guide

# UGC NET PAPER 2 NOVEMBER 05, 2017 SHIFT 1 URDU QUESTION PAPER

**Note :** This paper contains **fifty (50)** objective type questions of **two (2)** marks each. **All** questions are **compulsory**.

نوٹ : اس پرچہ میں پچاس (50) معروضی سوالات ہیں جن میں ہر ایک کے لئے دو (2) مارکس مختص ہیں۔ تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

1. یوسف نام کا کردار باغ و بہار کے کس درویش کے قصے میں ہے ؟
(1) پہلے درویش (2) دوسرے درویش (3) تیسرے درویش (4) چوتھے درویش

2. ''اس مجموعے کی اشاعت ایک طرح سے اعتراف شکست ہے، شاید اس میں دو چار نظمیں قابل قبول ہوں''
فیض نے اپنے کس مجموعے کی تمہید میں مندرجہ بالا بات کہی ہے ؟
(1) زنداں نامہ (2) دستِ صبا (3) نقش فریادی (4) دستِ تہہ سنگ

3. ''دستور الفصاحت'' اور ''تاریخ محمدی'' کس محقق نے مرتب کی ہیں ؟
(1) امتیاز علی خان عرشی (2) مسعود حسین خان (3) رشید حسن خان (4) محی الدین قادری زور

4. ان بتوں کی محبت بھی کیا چیز ہے
ڈگی ڈگی میں خدا مل گیا
شعر کے صحیح بحر کی نشاندہی کیجیے :
(1) متدارک مثمن سالم (2) متدارک مثمن سالم مضاحت
(3) متدارک مثمن مقطوع مخبون (4) متدارک مثمن مخبون، ضاحت

5. ''گلزار نسیم'' میں کس روپ میں بکاؤلی تاج الملوک سے ملنے جاتی ہے ؟
(1) حسن آرا کے (2) مہرنگار کے (3) فرخ ابن فیروز کے (4) خورشید کے

6. اسلوبیاتی تنقید میں چار ابعاد شامل ہوتے ہیں :
(الف) صوتیات (ب) صرفیات (ج) نحویات (د) عصبیات
ذیل میں سے کون سا زمرہ صحیح ہے ؟
(1) عصبات، صوتیات (2) صرفیات، نحویات
(3) صوتیات، صرفیات اور نحویات (4) عصبیات، صرفیات

Prepp
Your Personal Exams Guide

7. ڈراما اندر سبھا میں شہزادہ گلفام پر کون سی پری عاشق ہوتی ہے ؟

(1) پکھراج پری (2) نیلم پری (3) سبز پری (4) لال پری

8. ''سوانح مولانا روم'' کس کی تصنیف ہے ؟

(1) الطاف حسین حالی (2) سرسید احمد خان (3) محمد حسین آزاد (4) شبلی نعمانی

9. اقبال کی نظم ''آفتاب'' کس سے ماخوذ یا ترجمہ ہے ؟

(1) ماخوذ از ایمرسن (2) ترجمہ از بھرتری (3) ماخوذ از ولیم کوپر (4) ترجمہ از گائتری

10. ذیل میں سے کس نے معاشرے کے بنیادی ڈھانچے، ذیلی ڈھانچے اور اعلیٰ ڈھانچے کا تصور دیا ہے ؟

(1) اینگلز (2) لینن (3) مارکس (4) روزہ لگزم برگ

11. ''شعر کی مدح وذم میں بہت کچھ کہا گیا ہے اور جس قدر اس کی مذمت کی گئی ہے وہ بہ نسبت مدح کے زیادہ قرین قیاس ہے۔''
یہ خیال کس ناقد کا ہے ؟

(1) کلیم الدین احمد (2) شبلی نعمانی (3) حالی (4) احتشام حسین

12. پھر دیکھیے انداز گل افشانیٔ گفتار
صحیح مصرعے سے شعر مکمل کیجیے :

(1) اک بات ہے اعجاز مسیحا مرے آگے (2) ہوتا ہے شب وروز تماشا مرے آگے
(3) رکھ دے کوئی پیمانۂ صہبا مرے آگے (4) رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے

13. ''ترکی حور'' کس کا ڈراما ہے ؟

(1) حبیب تنویر (2) آغا حشر (3) امتیاز علی تاج (4) امانت لکھنوی

14. ذیل میں لسانیات کی صحیح تعریف کون سی ہے ؟

(1) زبان کے مطالعے کو لسانیات کہتے ہیں
(2) زبان کے صوری اور معنوی پہلوؤں کے سائنسی مطالعے کو لسانیات کہتے ہیں
(3) زبان کے معنوی پہلوؤں کے سائنسی مطالعے کو لسانیات کہتے ہیں
(4) زبان کے صوری پہلوؤں کے سائنسی مطالعے کو لسانیات کہتے ہیں

15. ''باب الجنت'' کس شاعر کے قصیدے کو عنوان ؟

(1) سودا (2) محسن کاکوروی (3) غالب (4) میر

16. آسماں تری لحد پر شبنم افشانی کرے

سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

اقبال کی کس نظم کا اختتام درج بالا شعر پر ہوتا ہے ؟

(1) داغ (2) سید کی لوحِ تربت (3) والدہ مرحومہ کی یاد میں (4) مرزا غالب

17. حسرت موہانی کا تذکرہ ''تذکرۃ الشعراء'' قسط وار کس رسالے میں شائع ہوا ؟

(1) دل گداز (2) مخزن (3) اردوئے معلیٰ (4) نگار

18. باغ و بہار کو اردو زبان کے لیے ''بیش بہا اضافہ'' کس نے قرار دیا تھا ؟

(1) گل کرسٹ (2) غالب (3) کلیم الدین احمد (4) گیان چند جین

19. ذیل میں سے کون آٹھ مختلف ہیئتوں کا مجموعی نام ہے ؟

(1) مسبّع (2) مثمّن (3) معشّر (4) مسمّط

20. ذیل کے بیانات کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے :

(الف) 'ساس' عصمت چغتائی کا افسانہ ہے۔ (ب) 'چاندنی بیگم' قرۃ العین حیدر کا ناول ہے۔

(ج) 'روشنی' پریم چند کا افسانہ ہے (د) 'سودائی' کرشن چندر کا ناول ہے۔

زمرہ :

(1) الف، ب، د (2) ب، ج، د (3) الف، ب، ج (4) الف، ج، د

21. 'تحقیقی تنقید' کس کی کتاب ہے ؟

(1) خلیق انجم (2) محمد حسن (3) رشید حسن خان (4) کلیم الدین احمد

22. کس مثنوی میں ہیروئن خودکشی کر لیتی ہے ؟

(1) خواب و خیال (2) زہرِ عشق (3) گلشنِ عشق (4) سحر البیان

23. ''مجھے میرے بزرگوں سے بچاؤ' کس کا مضمون ہے ؟

(1) سجاد حیدر یلدرم (2) پطرس بخاری (3) فرحت اللہ بیگ (4) کنہیالال کپور

Prepp
Your Personal Exams Guide

.24 مضمون 'آمد میں آورد' رشید احمد صدیقی کی کس کتاب میں شامل ہے ؟

(1) آشفتہ بیانی میری (2) ہم نفسانِ رفتہ (3) گنج ہائے گراں مایہ (4) مضامین رشید

.25 ذیل میں سے کس شاعر نے کوئی 'شہر آشوب' نہیں لکھا ؟

(1) محمد رفیع سودا (2) خواجہ میر درد (3) مصحفی (4) انشا

.26 شیخ برہان الدین کس افسانے کا کردار ہے ؟

(1) میری موت (2) یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے
(3) بارہ گھنٹے (4) روشنی کی رفتار

.27 اٹھ کہ پیدا ہوئی ظلمت افقِ خاور پر
بزم میں شعلہ نوائی سے اُجالا کر دیں
اردو شاعری میں بیداری کا یہ پیغام کس شاعر کا عطیہ ہے ؟

(1) جوش (2) مجاز (3) اقبال (4) سردار جعفری

.28 بڑا ہے درد کا رشتہ، یہ دل غریب سہی
ذیل کے مصرعوں کی مدد سے صحیح مصرعہ ثانی کی نشاندہی کیجیے :

(1) جو کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے (2) گرہ میں لے کے گریباں کا تار تار چلے
(3) تمہارے نام پہ آئیں گے غمگسار چلے (4) ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے

.29 بہادر شاہ ظفر کی تخت نشینی پر ذوق نے کون سا قصیدہ کہا تھا ؟

(1) زہے نشاط اگر کیجیے تحریر (2) ہے آج جو یوں خوش نما سحر، رنگِ شفق
(3) واہ واہ کیا معتدل ہے باغ عالم میں ہوا (4) پیری میں پُر ضرور ہے جامِ شراب ناب

.30 لسانیات کے زاویے سے لفظ کے معنوی مطالعے کے کل کتنے پہلو ہو سکتے ہیں ؟

(1) دو (2) چار (3) تین (4) پانچ

.31 پریم چند کا افسانہ 'بدنصیب کی ماں' کل کتنے حصوں پر مشتمل ہے ؟

(1) تین (2) چار (3) پانچ (4) سات

.32 قطب شاہ اور مشتری کے درمیان کٹھن منزلیں کس کی رہنمائی میں طے پاتی ہیں ؟

(1) زہرہ (2) دائی (3) عطارد (4) مریخ

Prepp
Your Personal Exams Guide

33. ''فسانۂ عجائب'' میں جانِ عالم کا وطن کہاں ہے ؟

(1) ختن (2) شام (3) کنعان (4) خراسان

34. ذیل میں سے کس نے مہذب ہونے کے لیے اپنی روایات کی پاسداری کو ضروری تصور کیا ہے ؟

(1) ٹی ایس ایلیٹ (2) آئی۔اے۔رچرڈس (3) ارسطو (4) لون جائی نس

35. مدن بان اور مہندر گر کس تصنیف کے کردار ہیں ؟

(1) اپنے دکھ مجھے دے دو (2) آگ کا دریا (3) رانی کیتکی کی کہانی (4) کدم راو پدم راو

36. ذیل میں کون سا تنقیدی دبستان موضوع اور فکر کی عظمت کو پہلا مقام دیتا ہے ؟

(1) نفسیاتی تنقید (2) تاثراتی تنقید (3) متنی تنقید (4) جمالیاتی تنقید

37. حرف روی کا تعلق کس سے ہے ؟

(1) ردیف (2) مطلع (3) مقطع (4) قافیہ

38. قرۃ العین حیدر نے اپنے ناول 'سفینۂ غم دل' کا عنوان فیض کی کس نظم سے اخذ کیا ہے ؟

(1) صبح آزادی (1947) (2) مجھ سے پہلی سی محبت مرے محبوب نہ مانگ
(3) زرد پتے (4) ہم جو تاریک راہوں میں مارے گئے

39. ترقی پسند مصنفین کی دوسری کل ہند کانفرنس کس شہر میں منعقد ہوئی ؟

(1) لکھنؤ (2) کلکتہ (3) حیدرآباد (4) دہلی

40. پاپی لوگ پہاڑ دے، پتھر جن کے چت
رنگ ملاوا کبھی کبھی، نین ملاوا نت

اس گیت کے بول کو کس ناول میں استعمال کیا گیا ہے ؟

(1) چاندنی بیگم (2) نرملا (3) ٹیڑھی لکیر (4) ایک چادر میلی سی

41. کون سا افسانوی مجموعہ راجندر سنگھ بیدی کا نہیں ہے ؟

(1) گرہن (2) کوکھ جلی (3) دو ہاتھ (4) دانہ و دام

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

42. ''رانی کیتکی'' کی کہانی میں کیتکی کے والدین کے اسما کا کون سا زمرہ درست ہے ؟

(1) راجا جگت پرکاش اور لتا
(2) راجا جگت پرکاش اور مالتی
(3) راجا جگت پرکاش اور کچھی
(4) راجا جگت پرکاش اور پھول متی

43. کلیم الدین احمد نے اعلیٰ تعلیم کس ادارے سے حاصل کی ؟

(1) آکسفورڈ
(2) کیمبرج
(3) کولمبیا یونیورسٹی
(4) ہارورڈ یونیورسٹی

44. کون سا افسانوی مجموعہ حیات اللہ انصاری کا نہیں ہے ؟

(1) انوکھی مصیبت
(2) بھرے بازار میں
(3) شکستہ کنگورے
(4) باسی پھول

45. ''اردو تنقید کا حال مشاعروں جیسا ہے، مشاعروں میں شعروں کی شعریت یا عدم شعریت کی بنا پر تعریف یا مذمت نہیں ہوتی ہے، تعریف اور مذمت دونوں کا سبب غیر متعلق ہے۔ یہی حال تنقید کا بھی ہے۔''

یہ بیان کس ناقد کا ہے ؟

(1) الطاف حسین حالی
(2) عبدالرحمٰن بجنوری
(3) کلیم الدین احمد
(4) احتشام حسین

46. کون سی مثنوی ''بساتین الانس'' کا ترجمہ ہے ؟

(1) سحرالبیان
(2) من لگن
(3) پھول بن
(4) خاور نامہ

47. اردو کی ابتدا کا سلسلہ سندھ سے کس نے جوڑا ہے ؟

(1) محمد حسین آزاد
(2) محمود شیرانی
(3) سید سلیمان ندوی
(4) مسعود حسین خان

48. مقیمی کس دور کا شاعر ہے ؟

(1) مغلیہ
(2) قطب شاہی
(3) بہمنی
(4) عادل شاہی

49. ''پر یہ سردار جی نہیں مرتے تھے۔ میں مرتا تھا۔''

خواجہ احمد عباس کا کون سا افسانہ اس عبارت پر ختم ہوتا ہے ؟

(1) ابابیل
(2) میری موت
(3) سردار جی
(4) وہ ہاتھ

50. ''چہار مقالہ'' کا مصنف کون ہے ؟

(1) عنصر المعالی
(2) شمس قیس رازی
(3) نظامی عروضی
(4) شبلی نعمانی

- o O o -

Prepp
Your Personal Exams Guide

Space For Rough Work

prepp
Your Personal Exam Guide